www.KitaboSunnat.com

پر سمجھوتہ ہوگیا ہے۔ افہام وتفہیم سے مرکز اور صوبوں میں مخلوط حکومتیں قائم ہوسکیں گی۔ برسر اقتدار جماعتیں کاروبار حکومت کے علاوہ سیاست میں بھی مل جل کر کام کریں گی۔ مفتی محمود نے مزید کہا کہ برسر اقتدار جماعتوں میں دراصل اختلاف نہیں بلکہ محض عدم اعتماد کی فضا موجود ہے۔ (نوائے وقت)

برسر اقتدار جماعتوں کا یہ وفاق اگر دیرپا ثابت ہو تو ہمیں یقین ہے، خوش آئند ثابت ہوگا۔ ہم چاہتے ہیں کہ برسر اقتدار جماعتیں ...... اس دائرہ کو اور وسعت دیں تاکہ دائیں بازو کی دوسری جماعتیں بھی مشترک اقدار میں کم از کم ایک دوسرے سے تعاون جاری رکھ سکیں —— بہر حال ہم اس کا خیر مقدم کرتے ہیں بشرطیکہ یہ "دو ملاؤں میں مرغی حرام" ہونے والی بات پر منتج نہ ہو جیسا کہ قوی اندیشہ ہے۔ کیونکہ تینوں کی راہیں اور دلچسپیاں جدا جدا ہیں، پیپلز پارٹی کے سامنے اپنے اقتدار کو طول دینے کے سوا جماعتی حیثیت میں اور کوئی متعین منزل نہیں ہے۔ جمعیت کے سامنے منزل ہے لیکن حنفیت کے فروغ اور مرکز میں شرکت کی حد تک، رہی نیپ، سو اس کے پاس سوشلزم کی درانتی ہے۔ بہر حال درانتی کا کھیت کبھی بھی ہرا نہیں ہوا۔ اس کے علاوہ اس اشتراک سے پیپلز پارٹی گھاٹے میں رہے گی۔ کیونکہ نیپ کے دونوں صوبوں میں پیپلز کی کھپت کے امکانات کم ہیں۔ ہاں پنجاب اور سندھ میں ولی خاں کے پنپنے کے امکانات زیادہ ہیں، گو کہ یہ اشتراک پیپلز پارٹی کی موت کے پروانے پر دستخط ہیں۔ ہاں اگر اس اشتراک کے ذریعہ دوسری جماعتوں کو دبانے یا شکار کرنے کا ذریعہ بنایا گیا تو ہوسکتا ہے کہ ان کو ذاتی فائدہ حاصل ہو لیکن مزعومہ جمہوریت پروان نہیں چڑھ سکے گی۔

(۵)

گرفتاریاں شروع ہوگئی ہیں۔ کچھ رہنما گرفتار ہوگئے ہیں کچھ تیار بیٹھے ہیں۔ غور فرمائیے۔ ایک جمہوری ملک کے آزاد شہریوں اور رہنماؤں کا اگر یہ تاثر اور احساس ہو کہ سدا تیار رہو تو وہ جمہوریت کیا ہوئی، جمہوریت کا واہمہ ہے۔

جو بھی پارٹی برسر اقتدار آئی ہے اس نے اپنے تحفظ کے لیے مخالفوں کی ناکہ بندی کو ہی دوا تصور کیا ہے حالانکہ یہ دوا نہیں بد پرہیزی ہوتی ہے۔ اگر آپ کے پاس کوئی مثبت اور عوامی پروگرام ہے تو اس کی بسم اللہ کیجیے! دیکھنے کے بعد عوام کسی کی ہوائی تقریروں کے بھرے میں آئیں، ناممکن ہے بلکہ مشاہدہ کے بعد عوام آپ کی طرف سے خود ہی دفاع کریں گے۔ گھبرائیں نہیں ہمت سے کام لیں۔ اگر آپ مخلص

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ